Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ ، 27 اگست 2025ء، 2 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 150

اکاؤنٹس میں 1 ارب ملین سے زائد موجود
پنجاب کو کسی قرض کی ضرورت نہیں، عظمیٰ بخاری

پنجاب نے اسٹیٹ بینک سے ایک روپیہ بھی قرض نہیں لیا، پنجاب سرپلس صوبہ ہے، پنجاب حکومت کے اسٹیٹ بینک سے قرض لینے سے متعلق خبریں بے بنیاد اور گمراہ کن ہیں

2019 کے بعد وفاقی یا صوبائی حکومت سٹیٹ بینک سے قرض نہیں لے سکتی، افسوس کی بات ہے کہ تجزیہ لکھنے والے کو بنیادی باتیں اور حقائق معلوم ہی نہیں ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات

وزیراعظم شہباز شریف کنٹم کی بے چہرہ کنکشنز سے متعلق پیش رفت کا جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے صوبے کے قرضوں سے متعلق خبروں کو بے بنیاد اور گمراہ کن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ خبریں جھوٹ اور غلط فہمی پر مبنی ہیں اور مالیاتی معاملات کی بنیادی سمجھ بوجھ نہ رکھنے والے افراد انکی اطلاعات پھیلا رہے ہیں۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے واضح کیا کہ پنجاب نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے ایک روپیہ بھی قرض نہیں لیا (تفصیل نمبر 1)

بارشوں کے موسم میں سیاحت پر پابندی کی تجویز

ڈیزاسٹر سے پہلے ایک ڈالر کی مدد بعد کے 11 ڈالر سے بہتر ہے، چیئرمین این ڈی ایم اے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر نے بارشوں کے موسم میں سیاحت پر پابندی کی تجویز دے دی۔ پیک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا کہ ہمارے ہاں 200 ملی میٹر بارش ہو تو وہ ایک آفت بن جاتی ہے، بارشوں کے موسم میں 3-2 ملین تک سیاحت پر پابندی ہونی چاہیے۔ چین کے پاس ایسی ٹیکنالوجی ہے جو 12 ماہ پہلے ڈیزاسٹر بتا دیتی ہیں (تفصیل نمبر 6)

کراچی تا لاہور بلٹ ٹرین کے اعلان کی خبریں بے بنیاد قرار
ریلوے کی موجودہ سہولیات کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے، ترجمان کی وضاحت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے منسوب کراچی تا لاہور بلٹ ٹرین کے اعلان کی خبریں بالکل بے بنیاد اور گمراہ کن ہیں۔ وزارت ریلوے نے وضاحتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ وزیر ریلوے (تفصیل نمبر 8)

کرپشن میں ملوث یوٹیلیٹی اسٹورز کے 10 اہلکاروں کو سزا
ملزمان پر یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے فنڈز میں 56 لاکھ روپے سے زائد کی کرپشن کا الزام تھا

کراچی (این این آئی) کرپشن میں ملوث یوٹیلیٹی اسٹور کارپوریشن کے 10 اہلکاروں کو سزا سنادی گئی۔ ایف آئی اے چیف جسٹس خسرو پرویز بختیار نے کرپشن کے خلاف سال 2024 میں مقدمہ درج کیا (تفصیل نمبر 9)

انجینئر محمد علی مرزا گرفتار، جیل منتقل، اکیڈمی سیل
انجینئر محمد علی مرزا کے متنازع ویڈیو بیان پر علاقے کرام کے وفد نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر شمیم عباس سے ملاقات کی تھی

جہلم (این این آئی) ضلع جہلم کی پولیس نے متنازع ویڈیو بیان کے بعد انجینئر محمد علی مرزا کو حراست میں لے کر جیل منتقل کر دیا۔ جبکہ ان اکیڈمی کو تالے ڈال کر سیل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق انجینئر محمد علی مرزا کو ڈپٹی کمشنر (تفصیل نمبر 7)

پنجاب میں خیراتی اداروں کیلئے پنجاب چیریٹی کمیشن سے رجسٹریشن لازم ہے، کمیشن کے اجلاس میں اہم فیصلے
پنجاب میں غیر رجسٹرڈ این جی اوز بند کرنے کا فیصلہ

رواں سال کمیشن کا 938 این جی اوز کا دورہ، قوانین کی خلاف ورزی پر 98 این جی اوز کے خلاف انتظامی ایکشن، 29 معطل، رجسٹریشن کینسل

قانونی اور مثبت کردار ادا کرنے والی این جی اوز کا تحفظ اور باہمی تعاون محکمہ داخلہ کی ترجیح ہے، پنجاب چیریٹی کمیشن کے موثر اقدامات سے پاکستان کو ایف اے ٹی ایف گرے لسٹ سے نکلنے میں مدد ملی۔ قانونی اور مثبت کردار ادا کرنے والی این جی اوز کا تحفظ اور باہمی تعاون محکمہ داخلہ کی ترجیح ہے۔ اجلاس میں رجسٹرڈ فلاحی اداروں کی افادیت بڑھانے اور معاشرے میں تعمیری کردار ادا کرنے کیلئے فلاحی (تفصیل نمبر 7)

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر کے تمام غیر رجسٹرڈ فلاحی اداروں کو بند کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ یہ فیصلہ محکمہ داخلہ میں پنجاب چیریٹی کمیشن کے 23 ویں اجلاس میں لیا گیا۔ اجلاس میں کمشنر چیریٹی کمیشن سید علی مرتضیٰ گیلانی (ر) اسد اللہ، اسامہ صدیق، کمیشن سیکرٹری داعل فضل الرحمٰن، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب چیریٹی کمیشن کرنل (ر) شہزاد عامر نے شرکت کی۔ اس موقع پر سی او نے کمیشن کے اقدامات اور مستقبل کے منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ یاد رہے کہ پنجاب میں تمام غیر فلاحی اداروں کیلئے پنجاب چیریٹی کمیشن سے رجسٹریشن لازم ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پنجاب چیریٹی کمیشن کے موثر اقدامات سے پاکستان کو ایف اے ٹی ایف گرے لسٹ سے نکلنے میں مدد ملی۔ قانونی اور مثبت کردار ادا کرنے والی این جی اوز کا تحفظ اور باہمی تعاون محکمہ داخلہ کی ترجیح ہے۔ اجلاس میں رجسٹرڈ فلاحی اداروں کی افادیت بڑھانے اور معاشرے میں تعمیری کردار ادا کرنے کیلئے فلاحی (تفصیل نمبر 7)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی ملاقات

PAF کے شاہین وطن عزیز کے دفاع میں سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہیں
پاک فضائیہ کے شہداء زبردست خراج عقیدت پیش، ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، وزیراعظم

وزیراعظم شہباز شریف اور ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی ملاقات، ملکی دفاع اور فضائیہ کے کردار پر گفتگو

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے چیف آف ڈی ایف اسٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے شکل کے روز اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک فضائیہ کے پیشہ ورانہ امور، ملکی دفاع اور ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے پاک فضائیہ کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایئر فورس کے شاہین وطن عزیز (تفصیل نمبر 2)

وزیراعظم سے یو اے ای کے سفیر کی الوداعی ملاقات

ملاقات میں وزیر دفاع خواجہ آصف، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، اسے ایم ایم طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں

سفیر کو پاکستان میں اپنی مدت ملازمت کی کامیابی میں باہمی تعاون اور پاکستان اور یو اے ای تعلقات کی مضبوطی کے لیے ان کے کردار پر شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان میں متحدہ عرب امارات کے سفیر مقرر ہونے والے سفیر حماد عبید ابراہیم الہرانی نے آج شام وزیر اعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے الوداعی ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، ایس اے ایم طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔ وزیر اعظم نے سفیر کو پاکستان میں اپنی (تفصیل نمبر 4)

وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں متعینہ عرب امارات کے سفیر مقرر ہونے والے سفیر حماد عبید ابراہیم الہرانی الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

بینائی کارڈ کی تعداد 50 ہزار سے بڑھا کر 75 ہزار کرنے کا فیصلہ
صوبائی وزیر تعلیمی امور رضیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت بینائی کارڈ بارے اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے تعلیمی امور، رضیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بینائی کارڈز کے اجراء کے تمام مراحل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ (تفصیل نمبر 10)

گرجا روڈ پر کرنٹ لگنے سے تین افراد جھلس گئے
ایک شخص کی حالت تشویشناک جبکہ دو افراد کی حالت خطرے سے باہر ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گرجا روڈ پر کام کے دوران کرنٹ لگنے سے تین مزدور جھلس گئے۔ تفصیلات کے مطابق واقعہ گزشتہ شام سب ڈویژن قائداعظم (تفصیل نمبر 2)

اسلام آباد: پاکستان ورچیل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (PVARA) نے اپنی پہلی بورڈ میٹنگ منعقد کی

ضلع کشمور پٹرولیم اور گیس جیسی قدرتی نعمت سے مالا مال ہے
جس کا ضلع کشمور کے شہریوں کو کوئی فائدہ نہیں مل سکا، حکام توجہ دیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور رکنہ کوٹ میں پاکستان پٹرولیم اور گیس جیسی قدرتی نعمت سے مالا مال ہے مگر ضلع کشمور کے شہریوں کو کوئی فائدہ نہیں مل سکا، پاکستان کے قدرتی وسائل سے مالا مال علاقوں میں سندھ کا ضلع کشمور خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ اس (تفصیل نمبر 3)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش رنگ لے آئی
عوام کو ایکس میسج کر کے خوشخبری سنادی

شگھائی سی پورٹ سے مزید 100 جدید ترین الیکٹرک بسیں شب پر پاکستان روانہ، چند ہفتوں میں پنجاب کے ہر ضلع میں دسمبر تک جدید ترین الیکٹرک بسیں چل رہی ہوں گی، کرایہ صرف 20 روپے ہوگا

پنجاب کے شہریوں کے لیے الیکٹرک بسیں سی سی ٹی وی سسٹم ہوں گی تاکہ خواتین کو پریشان کرنے کا سدباب ہو سکے

مسافروں کے لئے آرام دہ بسیں جلد ان شاء اللہ ہر ضلع میں موجود ہوں گی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

بارسلونا: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی دورہ سپین کے دوران بارسلونا کے گورنر سے ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این این ایف) عام آدمی کے لئے خاص سواری "وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوش رنگ لے آئی۔ شگھائی سی پورٹ سے مزید 100 جدید ترین الیکٹرک بسیں شب پر پاکستان روانہ ہو گئیں۔ پنجاب کے شہریوں کے لئے 100 مزید الیکٹرک بسیں چند ہفتوں میں پنجاب کی سڑکوں پر چلیں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے ہر ضلع میں دسمبر تک جدید ترین الیکٹرک بسیں چل رہی ہوں گی۔ جدید ترین الیکٹرک بس کا کرایہ صرف 20 روپے ہوگا۔ پنجاب کے شہریوں کے لیے الیکٹرک بسیں سی (تفصیل نمبر 5)

گوجر خان میں چور ڈکیت وہیکل لفٹر متحرک
شہری تحقیقی ایجنٹوں کے ہتھے چڑھ گئے

تین مختلف وارداتوں میں موٹر سائیکل، طلائی زیورات لیپ ٹاپ موبائل فون سمیت نامعلوم چور بجلی کا ٹرانسفارمر لے اڑے

بڑھتی ہوئی وارداتوں کے پیش خیمہ شہریوں میں شدید خوف ہراس پایا جانے لگا شہری خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگے

گوجر خان (قمر شہزاد) سی پی او راولپنڈی کی عملی پکچری کے بعد چوروں اور وہیکل لفٹر کی پولیس تھانہ گوجر خان کو سکاری چوری کی تین وارداتیں رپورٹ دن دیہاڑے وہیکل لفٹر اغوا کی مارکیٹ بازار سے سگلی کا ٹرانسفارمر لے اڑے شہری کی درخواست پر سٹوڑ سائیکل لے اڑے مقدمہ نمبر 1034/25 درج کر لیا گیا جبکہ ایک اور واردات میں نامعلوم چور پکھرال دوالی گاؤں کے بعد چوروں اور وہیکل لفٹر کی کاروائی ہوئی ہے جبکہ وارڈ نمبر 14 کی رہائشی خاتون (تفصیل نمبر 4)

غیر قانونی افغان مہاجرین کو پناہ دینے والوں کے گرد شکنجہ تیار
ڈی ایس پی سجاد حسین سیال کی ہدایات پر ایس ایچ او عدیل صفدر کا کارروائی کا اعلان

چوآ سیدن شاہ (خالد شہزاد سے) غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں بڑا اقدام متوقع ہے۔ چوآ سیدن شاہ اور گرد و نواح میں موجود ایسے افغان باشندے جو قانونی دستاویزات کے بغیر رہائش پذیر ہیں، (تفصیل نمبر 8)

جشن عید میلاد النبی ﷺ پر فول پروف سیکورٹی یقینی بنائی جائیگی
پولیس و پنجتن کا تعاون جلوسوں کی کامیابی کی ضمانت ہے، ایس پی راول

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ایس پی راول سعد ارشاد اللہ ایس ڈی پی او ادارث خان، سرکل رانا قیم یاسین نے تھانہ وارث خان میں علاما کرام، مرکزی سیرت و میلاد کمیٹی کے عہدے داران، جلوس کمیٹیوں اور تاجر رہنماؤں سے ملاقات کی۔ اجلاس میں جشن (تفصیل نمبر 9)

تجاوزات کے خلاف آپریشن صرف کمزوروں کے لیے؟
بااثر قبضہ مافیا کے خلاف کب کارروائی ہوگی؟ عوامی حلقوں کا حکام بالا سے سوال

چوآ سیدن شاہ (چوآ سیدن شاہ) چوآ سیدن شاہ تا ہاتھ تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع ہونے سے قبل عوامی و سماجی حلقوں نے سوال اٹھا دیا ہے کہ کیا قانون صرف ریڑھی بانوں، اور ریڑھ بردار سمیت (تفصیل نمبر 5)

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد
راولپنڈی (این این آئی) صدر واہ پولیس نے ملزمان کو گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب اور اسلحہ (تفصیل نمبر 6)

دکانداروں اور غریب خریداروں کے لیے ہے! بااثر قبضہ مافیا بھی قانون کے دائرے میں آئے! گاہکوں، غریب ٹاؤن، پکھریر، جھنڈیر، ریس کورس، گھوڑا گراؤنڈ، کمیٹی چوک، کمیٹی بازار، ٹیکسلا، ٹرک اڈہ، ٹرک اڈہ، ٹرک اڈہ

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی آواز، عوام کی پہچان
ادارہ تحفظ حقوق انسانیت ۔ پاکستان لیبر فیڈریشن، پنجاب

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سیلاب کی تباہ کاریوں کا تسلسل

پنجاب سمیت، خیبر پی کے اور آزاد کشمیر کے مختلف علاقوں میں طوفانی بارشوں کا سلسلہ جاری ہے' کئی علاقے زیر آب آ گئے۔ بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا۔ حادثات میں 15 افراد جاں بحق اور 63 زخمی ہو گئے۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں موسلا دھار بارش سے ندی نالوں میں طغیانی آ گئی۔ خیبر پی کے میں بارش طوفان سے مزید 15 افراد جاں بحق اور 63 زخمی ہو گئے۔ ناران میں پھنسے 150 سیاحوں کو ریسکیو کرلیا گیا' جبکہ آزاد کشمیر گلگت بلتستان اور خیبر پی کے میں طوفانی بارشوں نے مزید تباہی مچادی۔

ایک طرف پاکستان پہلے ہی سیلاب اور بارشوں کی قدرتی آفات کی تباہی سے دوچار ہے' دوسری جانب بھارت اپنی روایتی دشمنی کے تحت پاکستان کی جانب پانی چھوڑ کر اسے مزید نقصان پہنچا رہا ہے؟ دریائے ستلج جو اکثر خشک رہتا ہے' بھارت نے چھوڑے گئے پانی کی وجہ سے اس میں اونچے درجے کا سیلاب ہے جس سے مضافات کے علاقے بھی زیر آب آئے ہوئے ہیں اور لوگ نقل مکانی کرنے پر مجبور ہیں۔ اس مشکل گھڑی میں جہاں ریسکیو ادارے مستعد ہیں اور سیلاب متاثرین کو ہر ممکن امداد پہنچانے میں مصروف ہیں' وہیں پاک فوج کے جوان اور رینجرز بھی سیلابی علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر ناران میں پھنسے 150 سیاحوں کو ریسکیو کیا۔ اس وقت پاکستان قدرتی آفات کی زد میں ہے' جس سے تباہ کاریاں عروج پر ہیں۔ اس صورتحال سے نمٹنے کیلئے ضروری ہے کہ قوم حکومت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے امدادی کاموں میں اس کا ہاتھ بٹائے۔ بھارت کا تو اپنا ایجنڈا ہے جس کے تحت وہ پاکستان کو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتا' اسکی شرانگیزیوں کا مقابلہ کرنے اور قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنے کیلئے مؤثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

سیلاب، موسمیاتی بحران، فوج کا ردعمل اور

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitali1@gmail.com

پاکستان ایک بڑھتے ہوئے موسمیاتی بحران کا سامنا کر رہا ہے جو اس کے ماحول، اس کی معیشت اور لاکھوں شہریوں کے روزگار کے لیے ایک شدید خطرہ ہے۔ ملک کے اندر موسمیاتی تبدیلی ایک ناقابلِ تردید اور ناقابلِ گریز حقیقت بن چکی ہے، جس کا اظہار مسلسل بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، تیزی سے بے قاعدہ موسون کے سکڑنے، تیزی سے پگھلنے والے گلیشیئر، گلاڈ بورسٹ کے بڑھتے ہوئے واقعات اور تواتر کے سیلابی ریلوں کی صورت میں ہو رہا ہے جو محض چند گھنٹوں میں پوری کمیونٹیز کو تباہ کر دیتے ہیں۔ پاکستان، عالمی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں سب سے چھوٹے شراکت داروں میں سے ایک ہونے کے باوجود، مسلسل دنیا کے سب سے زیادہ موسمیاتی کمزور ممالک میں شامل ہے۔ اس کا جغرافیائی مقام، متنوع ماحولیاتی نظام اور کسان زراعت پر بھاری انحصار موسمیاتی تبدیلی سے متعلق خطرات کے لیے اس کی حساسیت کو مزید بڑھاتا ہے۔ حالیہ برسوں میں سیلابوں کی بڑھی ہوئی شدت اور تعداد، خاص طور پر گلاڈ بورسٹ اور گلیشیئر کے پگھلنے سے پیدا ہونے والے سیلابوں، نے دیہی اور شہری ماحول میں بے پناہ تباہی مچائی ہے۔ اگر پاکستان کو ان بڑھتے ہوئے خطرات کے سامنے بے صرف زندہ رہنا ہے بلکہ پھلنا پھولنا بھی ہے تو اسے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے، گلاڈ بورسٹ کے خطرے کو کم کرنے اور سیلاب کو زیادہ پائیدار اور مؤثر طریقے سے منظم کرنے کے لیے ایک فوری، جامع اور گیئر اپ کی تحقیق کی حمایت یافتہ ہے ایک ہم آہنگ اور مؤثر قومی ردعمل کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی اور سیلاب کے اثرات سے نمٹنے کے لیے ایک اہم عنصر اس کے قدرتی طور پر ایک دریائی پانی پر منحصر ملک ہے، جس میں دریائے سندھ اور اس کے معاون دریا قوم کی زراعت اور مجموعی معیشت کی ناگزیر ریڑھ کی ہڈی بناتے ہیں۔ تاہم، یہ انحصار اکثر بار بار تباہی کا ذریعہ بھی بن گیا ہے جب شدید بارشیں اور گلیشیئر کا پگھلنا مل کر دریا کے کناروں اور پانی کے خارج کو زیر کر لیتے ہیں۔ لہذا، پاکستان کے پانی کے انفراسٹرکچر کو مضبوط کرنا ضروری ہے۔ اس میں نے ڈیموں، ذخائر اور سیلاب کے موڑنے والے چینلوں کی حکمت عملی کے ساتھ تعمیر اور محفوظ سے دیکھ بھال شامل ہے جو اضافی پانی کو مؤثر طریقے سے ذخیرہ اور کنٹرول کر سکتے ہیں۔ موجودہ بڑے ڈیموں جیسے کرتربلا اور منگلا کو اپنی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کو بڑھانے اور اپنے حفاظتی معاہدہ کو بہتر بنانے کے لیے مرحلہ وار گیٹز کی ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پانی کے بہاؤ کو بہتر طریقے سے منظم کرنے اور پیچھے کی طرف اچھلنے اور بڑھنے کن سیلاب کو روکنے کے لیے پہاڑی علاقوں میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے ڈیموں کا ایک نیٹ ورک تعمیر کیا جانا چاہیے۔ کلاباغ ڈیم کا منصوبہ ایک بہت ہی امید افزا اقدام ہے، لیکن ہر قسمت سے سیاسی اختلافات کو جلد سے جلد ممتاز آمد ہیں ہو سکا۔ پانی کی سطح کے مؤثر اور باقاعدہ ڈیسلٹنگ آپریشنز مسلسل دیکھ بھال اور تحقیق دنیا کے مگرمانی کا اطلاق ملک کی سیلاب کو منظم کرنے کی کلوبی صلاحیت کو بڑھا سکتا ہے۔ بڑے ذخائر اور ڈیموں کی ایک ہم ضرورت ہے جو مون سون کے ادوار میں پانی کے ذخیرہ کی صلاحیت، جبکہ طبر پانی کے اوقات میں استعمال کیا جا سکے۔ جدید برآب، دریاؤں، نہروں اور تمام آبی گزرگاہوں کی باقاعدہ صفائی کے لیے ایک فوری اور مؤثر نظام سیلاب اور اس کے ملبے کو ہٹانے کے لیے۔ یہ صفائی کی مہم میں بہت زیادہ کوڑا کرکٹ بہ دردی سے دریاؤں اور نہروں میں پھینکا جاتا ہے اور اس عمل کو روکنے کے لیے چاہل ڈکرملدرا کا عدم موجودگی ہے۔ یہ تیج ہونے والا کوڑا کرکٹ دریاؤں اور نہروں کے راس بکشل ایریاء پھرانی اور پڑنالی کو کم کرتا ہے، جو شدید بارشوں کے دوران سیلاب کے پھیلاؤ کو بڑھا دیتا ہے۔ ردشت اضافے میں بہ اور راست حیدرآباد ہے۔

جنگلات کی بحالی اور سخت عمل کے ساتھ واٹرشیڈ کا انتظام بھی موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ درخت قدرتی طور پر بارش کو جذب کرنے، مٹی کو مضبوط کرنے اور مٹی کے کٹاؤ کو روکنے میں مدد کرتے ہیں، یہ سب گلاڈ بورسٹ کی وجہ سے ہونے والے سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے کو کم کرنے کے لیے ضروری افعال ہیں۔ پاکستان کے درخت لگانے کے اقدامات جیسی سمت میں اہم قدم ہیں، لیکن ان کے بعد پودے لگانے کے بعد، دیہاڑ دیکھ بھال، جنگلی کیونٹی کی شمولیت اور نے لگائے گئے جنگلات کے لیے قیمتی تحفظ کے اقدامات کے ساتھ ساتھ، یہ کوششیں جیسے کہ پانی کا ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کو بڑھانے اور سندھ کی پہنچ پانی کے ضائع کو کم کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔ مثال پہاڑی علاقوں میں شجرکاری کی کوششوں کو پائیدار زمین کے انتظام کے طریقوں کے ساتھ ملا کر اچانک سیلاب اور مٹی کے کٹاؤ کے خطرے کو کم کرنے میں بھی زیادہ فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ اپنے انتہائی مشکل حالات کو دیکھتے ہوئے، اے عالمی پلیٹ فارموں پر مسلسل موسمیاتی انصاف کی وکالت کرنی چاہیے اور ان امیر ممالک سے مالی اور تکنیکی مدد کا مطالبہ کرنا چاہیے جنہوں نے تاریخی طور پر موسمیاتی بحران کی شدت کے ذمہ دار ہیں۔ بین الاقوامی موسمیاتی بالیات، خاص طور پر موافقت کے منصوبوں کے لیے گلوبل فنڈز، گرین کلائمیٹ فنڈ اور اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن آن کلائمیٹ چینج (UNFCCC) کے تحت قائم کردہ ان ایڈپٹیشن فنڈ جیسے میکانزم تک ذریعے محفوظ کیے جانے چاہئیں۔ ان مالی وسائل کو سخت عمل کے ساتھ بڑھا کر، انفراسٹرکچر بنانے، موسمیاتی اثرات سے کم تر ہونے والی کمیونٹیز کی حمایت کرنے اور گرین اور موسم دوست شعبوں میں کی طاقتوں کے مواقع پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

طویل مدتی موسمیاتی لچک کو فروغ دینے کے لیے تعلیم اور عوامی بیداری انتہائی اہم ہیں۔ موسمیاتی خواندگی کو پرائمری سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک ہر سطح پر قومی نصاب میں شامل کیا جانا چاہیے۔ شہریوں کو موسمیاتی خطرات کی وجوہات اور نتائج کو سمجھنے اور یہ تسلیم کرنے کی ضرورت ہے کہ ان کے روزمرہ کے افعال کس طرح سیٹلی میں حصہ ڈالتے ہیں اور یہ سیکھنے کی ضرورت ہے کہ وہ عمل کا حصہ بننے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔ میڈیا، مذہبی رہنما، غیر سرکاری تنظیموں اور کمیونٹی رہنما جیسے کلیدی آواز کی ذمہ داری اور تبلیغ کی ایک وسیع تنظیموں کو فروغ دینے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ نوجوانوں کو خاص طور پر بااختیار بنایا جانا چاہیے اور انہیں، جدت اور موسمیاتی سرگرمی کے لیے قیادت کرنے کا پلیٹ فارم بنایا جانا چاہیے۔

ناشکری کی قیمت

قرا ۃ العین شفیق سابھوال

گاؤں کے کچے مکان میں غربت کا راج تھا، مٹی کی دیواروں میں دراڑیں، چھن میں رکھی پرانی چارپائی اور چولہے سے اٹھتا دھواں..... یہ سب اس گھر کی بچکیاں تھی۔ گھر کا سربراہ حنیف دن بھر مزدوری کرتا۔ بھی اینٹیں اٹھاتا، بھی کنکریاں کاٹتا، اور شام کو پسینے سے شرابور، تھکا ہارا لوٹتا۔ حالیہ، اس کی بیوی، دن رات فکر میں رہتی کہ بچوں کو پیٹ بھر کر روٹی دے پائیں۔

چار بچے تھے۔ فراز اور احمد، دونوں بھائی، ابھی چھوٹے ہی تھی مگر باپ کے ساتھ مزدوری کے کام میں لگے رہتے۔ صبا کھیلنے میں مگن تھی۔ مگر بڑی بیٹی، سحر، سب سے مختلف تھی۔ وہ اکثر اپنی ماں سے کہتی:

"اماں! یہ کیسی زندگی ہے؟ نہ کپڑے اچھے، نہ پڑھائی، نہ عزت۔ ہم بھی انسان ہیں نا؟"

حالیہ بیٹی کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہتی، "بیٹی! صبر کر۔ صبر کرنے والوں کو اللہ کبھی اکیلا نہیں چھوڑتا۔"

مگر صحر کے دل میں یہ صبر نہ اترتا۔ وہ سوچتی تھی کہ سکون کہیں باہر ہے، خوشیاں کہیں اور ہیں۔

ایک دن گاؤں کے پاس ایک نوجوان آیا۔ اس کا نام کامران تھا۔ خوبصورت چہرہ، آنکھوں میں غرور کی چمک، بات کرنے کا ڈھنگ نرالا۔ وہ اپنے دوست سے ملنے آتا مگر صحر کی نگاہیں اسے دیکھ کر ٹھہر جاتیں۔ آہستہ آہستہ دونوں کی ملاقاتیں بھیس بدل کر ہونے لگیں اور پھر محبت نے جنم لیا۔

کامران اکثر صحر سے کہتا: "یہ غربت تمہارے لیے نہیں بنی۔ میرے ساتھ چلو، میں تمہیں وہ زندگی دوں گا جس کو تم نے خواب میں دیکھا ہے۔"

صحر کے دل میں امید جاگ اٹھی۔ وہ سوچتی تھی کہ شاید یہی وہ راستہ ہے جو اسے غربت سے نکال دے گا۔ ماں عالیہ دن رات روتی رہتی۔ صبا کی معصومیت بھی بوجھ میں بدل گئی۔

اور صحر نے سوچا تھا کہ وہ خوابوں کی دنیا میں قدم رکھ دی ہے۔ مگر کامران اسے ایک ایسے مکان میں لے آیا، جہاں کی بدبو سے پورا کمرہ بسا تھا۔ میل۔ بکھری رات اس کا دل دہل گیا۔ ماں کی امید، باپ کی شفقت، بہن بھائیوں کا پیار۔ سب یاد آنے لگا۔

رات کے اندھیرے میں صحر نے کامران سے کہا، "یہ کیسی زندگی ہے؟ کہاں ہے وہ سکون جو تم نے وعدہ کیا تھا؟"

کامران نے ہنستے ہوئے جواب دیا: "سکون؟ سکون تو بس پیسے سے ملتا ہے۔ اور وہ تمہارے پاس نہیں۔"

وقت گزرتا گیا۔ ایک دن صحر کے باپ کی بیٹی بیاہ ہوگئی۔ کامران نے طنزیہ کہا، "بیٹی! یہ بھی تمہاری طرح خوبصورت تھی۔ اگر تم میرے ساتھ چلتی تو آج تم بھی ایک امیر زمیندار قاتلہ ہوتی۔ اور یہ بیٹی، آپ تمہارے ساتھ چلتے۔ ہم تمہارے ہوتے۔"

صحر کے دل میں یہ خیال آیا کہ وہ ناشکری کی انتہا پر پہنچ گئی تھی۔ وہ سوچتی تھی کہ اگر وہ کامران کے ساتھ چلی جاتی تو شاید اس کی زندگی بدل جاتی۔ وہ اپنے والدین کو چھوڑ کر، اپنے بھائی بہنوں کو چھوڑ کر، اپنے گھر کو چھوڑ کر، کامران کے ساتھ چلی جاتی۔ اس

آئیسکو بجلی بل میں بوجہ ضروری سسٹم میٹیننس 27 اگست 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

بقیہ 1

ایسا رپورٹ میں جس نرم کا ذکر ہے وہ دراصل جناب حکومت کی نیوز ایجنسی گورنمنٹ کی بڑی بدترین کارکردگی ہے، جس کا مقصد صرف حکمران طبقہ کے قرض لینا تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ جناب اس وقت ایک سرکاس صوبے ہے اور صوبائی حکومت نے اس پالیسی کو اپنایا ہے۔ اس لئے جناب کو کسی نہ کسی طریقہ سے قرض لینا ضرورت ہے جس قانون کے تحت یہ ضرور کیا رپورٹ میں جن اداروں کا ذکر ہے وہ محکمہ وہ وفاقی حکومت کے ہے۔ جناب نے یہ ارتقائم کیا ہے اور اسے نے کوئی قرض لیں نہیں لیا۔ تحریک کی بات یہ ہے کہ جنگ ہے اور وفاقی بات ہی معلوم نہیں کہ 2019ء کے بعد اسٹیٹ بینک کا ایک کے قسمت کی بھی حکومت، جا بہ وفاقی ہو اصوبائی، جناب اسٹیٹ بینک سے قرض لینے کی اجازت نہیں۔ دراصل اطلاعات کے لیے کہ جھوٹی اور سیدھا ہے کہ جناب پھیلانے والے اصحابی کا ایک ہی مقصد ہے کہ اپنا کام اختیار کرنا چاہیے۔ صورت دیگر حکومت قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

بقیہ 2

کے فاضلے کا ہے سیسہ پلائی دیواری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ نے ہمشکل کمزوری میں قوم کی قربانیاں پہ پہراری کی ہے اور جرات، بہادری کی شاندار مثال قائم کی ہے۔ شہداء کے خون کے بدلے پاک فضائیہ کے سلام سرکوں میں جن کی شکل طیارے گرا کر ہمارے دفاع میں بلند کر دیا ہے۔ ڈرائیور کے بلند پاک ہمارے گرے ہوئے زیر ضرت خراج عقیدت پیش کرتے ہے کہ آپ کے شہداء کے خون نے ہمارے وطن کی بنیادیں مضبوط کر دی ہیں۔ ڈرائیور کے ساتھ ہمارے دفاعی کے ساتھ کھلی کے بارے میں بریفنگ دی۔ انہوں نے لیفٹن ڈرائیور کے ساتھ دوست کے دفاعی فضائی معاونت کی اور قوت اور قوی سیاسی کے تحفے کے لیے تیار ہے۔ ڈرائیور کے ساتھ پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ کارکردگی اور اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 3

پاکیوں کی زچہ و بچہ کی صحت کے شعبے میں آمد کی پیشگوئی کی ہے۔ اس شراکت داری کے تحت خواتین مدنظر کی ترقی اشارے کے مجتمع اطلاع اسٹریٹ کے کیم کیونکہ ہمیں دیدے درس سے استفادہ کریں گی بلکہ آئیں سیڈمی کے ذریعے کا دعوہ داری مصروف ہے اور وسائل کے سوالے موقف فراہم کر کے پائیدار صحافی سرکریں کی راہ ہموار ہوگی۔ مذاکتی دوا دشت پر دستاویزی تقریب پاکستان ڈیلی ایپی ایپلی ایپلی فورم اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جہاں ڈائریکٹر جنرل کلچرل ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر احسان علی، ڈاکٹر ایمی ایپلی ایپلی ایپل

ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ

پہلے مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان ساہیوال اوکاڑہ اور گجرات میں سیموئیلز نصب کیے گئے ہیں

ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیموئیلز نصب کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا، ترجمان ٹریفک پولیس

لاہور (این ایم آئی) ڈرائیونگ ٹیسٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے پہلے مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان ساہیوال اوکاڑہ اور گجرات میں سیموئیلز نصب کیے گئے ہیں، دوسرے مرحلے (بقیہ نمبر 2 8)

ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیموئیلز نصب کرنے کے عمل شروع کر دیا گیا ۔ پہلے مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان ساہیوال اوکاڑہ اور گجرات میں سیموئیلز نصب کیے گئے ہیں، دوسرے مرحلے (بقیہ نمبر 2 8)

بارش کے باعث گھر کی چھت گر گئی، 2 افراد جاں بحق

لاہور (این ایم آئی) لاہور میں گھر ایل منہالہ روڈ کے علاقے میں بارش کے باعث گھر کی چھت گر گئی جس کے نتیجے میں ملبے تلے دب کر 2 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور لاشوں اور زخمی شخص کو ملبے کے نیچے سے نکال لیا۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق جاں بحق ہونے والوں (بقیہ نمبر 2 9)

موبائل کمپنیوں کیخلاف 3 سال میں 65 ہزار شکایات موصول

لاہور (این ایم آئی) پاکستان میں موبائل فون سروس فراہم کرنے والی کمپنیوں کے خلاف گزشتہ تین سالوں میں مجموعی طور پر 65 ہزار 846 شکایات موصول ہوئی ہیں جن میں سے سب سے زیادہ 39 ہزار 736 شکایات موبائل ڈیٹا سروس سے متعلق تھیں۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کی رپورٹ کے مطابق صارفین کی جانب سے سالانہ تقریباً 21 ہزار 9 سو شکایات موصول ہوئیں۔ سروس بنڈل اور لوڈ شیڈنگ سے متعلق 8 ہزار (بقیہ نمبر 5 3)

پیپلز پارٹی فیڈرل کونسل کے ممبر الطاف قریشی انتقال کر گئے

لاہور (این ایم آئی) پاکستان پیپلز پارٹی فیڈرل کونسل کے ممبر الطاف قریشی انتقال کر گئے۔ وہ طویل مرصے سے مختلف عوارض میں مبتلا تھے۔ انتقال میں آخر آنکھوں کے عارضے میں مبتلا ہوئے جس کی وجہ آہستہ آہستہ ان بینائی جاتی رہی اور ڈاکٹروں نے اس مرض کو لاعلاج قرار دے دیا۔ اس کے بعد وہ ذہنی کیفیت کے عارضے میں مبتلا ہو گئے اور یادداشت جاتی رہی۔

ڈرائیونگ سکولز، پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ، ایک ڈاکو گرفتار

دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں مزید سرچ آپریشن کا آغاز

کشمور (سید زاہد احمد شاہ) کشمور: پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ، معجزہ ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، کئی سنگین وارداتوں کی تفتیش کا آغاز، کندھ کوٹ قبائلی علاقہ سے سنگین کی حدود گھنیر خلہ کے قریب اس وقت سنسنی خیز مقابلہ ہوا جب پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ ڈاکو کندھ کوٹ قبائلی علاقہ سے کشمور کی طرف آ رہے ہیں۔ اطلاع کے بعد پولیس کی ٹیم نے علاقہ کو گھیرے میں لے لیا۔ جب دوران گشت پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کے مطابق ڈاکو علاقے میں ڈکیتی کی نیت سے موجود تھے مدگار اچھارج تھانہ کندھ کوٹ قبائلی (بقیہ نمبر 3 0)

نارووال: ریسکیو اہلکار بچوں کو پانی میں چھت گرنے سے زخمی ہونے والوں کو فوری امداد فراہم کر رہا ہے

اگلے سال مون سون مزید 30 فیصد شدید ہوگا، وزیر موسمیات تبدیلی

اگلے سال مون سون شروع بھی جلد ہوگا اور ختم بھی لیٹ ہوگا، صدق ملک

لاہور (این ایم آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی صدق ملک نے اگلے سال مون سون کے 30 فیصد شدید ہونے کی پیشگوئی کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگلے سال مون سون اپریل وقت سے 15 روز پہلے آئے گا، آئندہ برس مون سون کے دو تین سپیل زیادہ (بقیہ نمبر 3 1)

سرگودہا، میوشیئن کے مکمل انخلا کے لیے جاری آپریشن تیز

کشنر جہانزیب اعوان کی زیر صدارت اجلاس، آپریشن بلا امتیاز جاری رکھنے کا حکم

سرگودھا (این ایم آئی) سرگودہا شہر سے میوشیئن کے مکمل انخلا کے لیے جاری آپریشن کو تیز اور بلا امتیاز جاری رکھنے کا حکم دیا گیا۔ زراع کے مطابق کشنر جہانزیب اعوان نے غلط تکمیلوں کو سوسائٹی کے بلاک دار جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں ایم ڈی واسا نے بتایا کہ شہر بھر میں سیوریج سسٹم کی ڈیسلٹنگ، مین ہولز کی مرمت (بقیہ نمبر 3 2)

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب ظفر افضال چودھری 1.3 کلومیٹر مشن آزادی ٹیلی رس ریلی مکمل کرنے والے بچے حادی کو ٹرف دے رہے ہیں

اسلام آباد میں 50 ایکڑ اراضی پر نرسری تکمیل کے قریب 10 لاکھ پودے ہونگے

نرسری میں منفرد اور جدید طرز کے کنٹرولڈ ویٹیلیٹڈ گرین ہاؤسز تعمیر کیے گئے ہیں جو پودوں کی نشوونما کیلئے مثالی ماحول فراہم کریں گے

ماڈل نرسری مستقبل میں اسلام آباد کے شہریوں کی باغ و گلچر ضروریات کو پوری کرنے میں معاون ثابت ہوگی، وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (این ایم آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں 50 ایکڑ اراضی پر پاکستان کی سب سے بڑی نرسری تکمیل کے قریب ہے، 10 لاکھ پودے ہوں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پارک روڈ پر واقع سی ڈی اے ماڈل نرسری کا دورہ کیا اور ماڈل نرسری کے مختلف سیکٹرز پر تفصیلی کاموں پر شیئرنگ کا معائنہ کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نرسری کے (بقیہ نمبر 3 3)

ملیر جیل سے قیدی فرار ہونے کی تحقیقاتی رپورٹ سامنے آگئی

رپورٹ میں سابق سپرنٹنڈنٹ ارشد شاہ سمیت تین پر غفلت کا الزام

کراچی (این ایم آئی) کراچی کی ملیر جیل سے 225 قیدی فرار ہونے کی تحقیقاتی رپورٹ سامنے آ گئی۔ رپورٹ میں سابق سپرنٹنڈنٹ ارشد شاہ غفلت کے مرتکب قرار پائے گئے، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ عبداللہ خانخیل اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ عبدالستار غفلت کے مرتکب (بقیہ نمبر 4 3)

اسٹاک ایکسچینج میں تیزی، ایک لاکھ 49 ہزار کی حد بحال

کاروبار شروع ہوتے ہی 100 انڈیکس میں 386 پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا

کراچی (این ایم آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں استحکام برقرار، انڈیکس نے ایک بار پھر ایک لاکھ 49 ہزار کی حد عبور کر لی، تاہم مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت بھی کم ہو گئی ہے۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا شبت آغاز ہوا، کاروبار شروع ہوتے ہی 100 انڈیکس میں 386 پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے انڈیکس ایک لاکھ 49 ہزار 201 پوائنٹس پر پہنچ گیا۔ گزشتہ روز بھی ہفتہ روز انڈیکس 225 کے دوسرے روز اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا

پاکستان، ترکیہ کے وزرائے خارجہ کی ملاقات

غزہ میں فوری انسانی امداد کی فراہمی کا مطالبہ، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این ایم آئی) پاکستان اور ترکیہ نے فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی اور غزہ میں فوری انسانی امداد کی فراہمی کا مطالبہ کر دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے جدہ میں ہونے والی ملاقات میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے وزیر اعظم کے قائدانہ کردار پر احساس ظاہر کیا۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ نے اسحاق ڈار کو اعلیٰ ترین سطح پر ترکیہ کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم غزہ میں انسانی امداد کی فراہمی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم پاکستان کی سلامتی کے لیے ترکیہ کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم پاکستان کی سلامتی کے لیے ترکیہ کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم پاکستان کی سلامتی کے لیے ترکیہ کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔

پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں 6.42 فیصد اضافہ

لاہور (این ایم آئی) پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے مہینے میں سالانہ بنیاد پر 6.42 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2025 میں پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات 1.345 ارب ڈالر رہیں جو اگزشتہ سال جولائی کے مقابلے میں 6.42 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ سال (بقیہ نمبر 3 5)

سلمان اکرم راجہ ہماری ٹیلی کی طرح، کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوئی، علیمہ خان

راولپنڈی (این ایم آئی) پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ سلمان اکرم راجہ سے میری کوئی حتمی بات نہیں ہوئی، وہ ہمارے وکیل ہیں اور ہماری ٹیلی کی طرح ہیں۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ کا اپنا کوئی مسئلہ ہوگا، حتمی انتخابات کا انتظار ہے، میرا خیال ہے ان سے ہی پوچھیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ سمجھ نہیں آتی میرے اسپونسر میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 3 6)

کشمور، سرجیکل سٹرائیکس کی مالی معاونت روکنے پر غور

ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کا پہلا ابوظہبی اجلاس

دہشتگردی کی مالی معاونت روکنے پر غور

یہ اجلاس پاکستان کے بلاک چین، ورچوئل اسٹس، ڈیجیٹل محیشت کو اپنانے کے سفر میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این ایم آئی) پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پی وی اے آر اے) کا پہلا بورڈ اجلاس منگل کو منعقد ہوا، جس میں بورڈ کا سینئر ٹاسک اکیلیریٹر پالیسیز، ریگولیٹری ڈرافٹنگ، بین الاقوامی روابط پر مشتمل خصوصی کمیٹیوں کے قیام پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس کو چین الاقوامی اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشتگردی کی مالی معاونت کی روک تھام (اے ایم ایل/سی ایف ٹی) کے معیارات کے مطابق فعال بنانے، ورچوئل ایسٹس کے ماہر آزاد ڈائریکٹرز کی منظوری کیلئے سفارش کرنے اور اتھارٹی کے بنیادی (بقیہ نمبر 4 6)

ناجائز اسلحہ رکھنے والے 4 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ایڈمن اوقاف میں وقت اراضیات کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی (این ایم آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے مبینہ مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے، جن میں تین ملزمان ہلاک ہو گئے ۔ حکام کے مطابق بادامی باغ میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان ہلاک ہوئے، ہلاک ہونے والوں کی شناخت راشد اور زیشان کے نام سے ہوئی۔ مفرور سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ کر دی، (بقیہ نمبر 4 7)

سی سی ڈی کے مبینہ مقابلوں کا سلسلہ جاری، تین ملزمان ہلاک

شیخوپورہ میں مبینہ پولیس مقابلے میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا

لاہور (این ایم آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے مبینہ مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے، جن میں تین ملزمان ہلاک ہو گئے ۔ حکام کے مطابق بادامی باغ میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران دو ملزمان ہلاک ہوئے، ہلاک ہونے والوں کی شناخت راشد اور زیشان کے نام سے ہوئی۔ مفرور سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ کر دی، (بقیہ نمبر 4 7)

راولپنڈی، 15 ملزمان گرفتار، 100 لیٹر سے زائد شراب برآمد

راولپنڈی (این ایم آئی) راولپنڈی پولیس نے 15 ملزمان گرفتار کر کے 100 لیٹر سے زائد شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق پیر ودہائی پولیس نے ایک ملزم گرفتار کر کے 20 لیٹر شراب برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے تین ملزمان گرفتار کر کے 18 لیٹر شراب برآمد کی، تھانہ بنی پولیس نے تین ملزمان گرفتار کر کے 15 لیٹر شراب برآمد کی، مجموعی پولیس نے دو ملزمان گرفتار (بقیہ نمبر 4 8)

عارف علوی کو فیملی سمیت NCCA میں پیش ہونے کی ہدایت

اگر کوئی جرم نہیں کیا تو انکوائری سے بھاگ کیوں رہے ہیں؟ جسٹس کے کے آغا

کراچی (این ایم آئی) سندھ ہائی کورٹ کے سابق صدر عارف علوی سمیت پوری فیملی کو سیشل سائبر کرائم ایجنسی کے روبرو پیش ہونے کی ہدایت کر دی۔ سیشل کو عارف علوی اور اہلیہ کو بینک اکاؤنٹس مجمد کرنے کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے عارف علوی، ان کے بیٹے اور دیگر کو اسٹیٹ بنک نوٹس کی ہدایت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 4 9)

سرسوز چیفس کی 5 سالہ مدت ملازمت طے شدہ

کوئی نیا قانونی اقدام درکار نہیں، حکومتی ذرائع

چار نومبر دو ہزار چوبیس کو ہونے والی قانون سازی کے بعد سرسوز چیفس کی مدت ملازمت پانچ سال مقرر ہو چکی ہے

مارچ 2026 میں ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی مدت ملازمت پوری ہونے پر ان کی خدمات جاری رکھی جائیں گی

اسلام آباد (این ایم آئی) حکومتی ذرائع نے کہا ہے کہ سرسوز چیفس کی پانچ سالہ مدت ملازمت ایک طے شدہ معاملہ ہے جس کے لئے کوئی نیا قانونی اقدام درکار نہیں ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق چار نومبر دو ہزار چوبیس کو ہونے والی قانون سازی کے بعد سرسوز چیفس کی مدت ملازمت پانچ سال مقرر ہو چکی ہے جس پر محمد احمد بابر سدھو کا ایئر چیف ظہیر احمد بابر سدھو اسی قانون کے تحت اپنی کمان کے چوتھے سال میں ہیں جن کی تقرری 19 مارچ 2021 کو ہوئی تھی جو ذرائع کے تحت 19 مارچ 2026 تک ہے۔ رواں برس 20 مئی کو حکومت یہ اعلان کر چکی (بقیہ نمبر 5 0)

کراچی: فشریز سوسائٹی میں پانی کی قلت سے جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو مشکلات کا سامنا ہے

راولپنڈی، 2 ملزمان گرفتار، 2 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این ایم آئی) تھانہ بنی پولیس نے 2 ملزمان گرفتار کر کے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 2 کلو 760 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، مفتیات کے باسمہ کے ماتحت کے لئے تمام مسائل پورے کیا جا رہے ہیں۔

راولپنڈی، شیری کوٹھی کرنے والے 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این ایم آئی) رتہ امرال پولیس نے شیری کوٹھی کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ساتھ رتہ شیری کوٹھی کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، واقعہ کا مقدمہ ایک ہفتہ قبل درج کیا گیا تھا، ملزمان کو رتہ امرال پولیس نے ہیوٹن اٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لا کے ہوئے گرفتار کیا، ایس ایچ او رول سعد رشید نے کہا کہ ملزمان کو خصوص شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

2 بھائیوں کو تشدد کر کے مارنے والے مرکزی ملزم گرفتار

چار ملزمان ابھی تک فرار، قتل کی تفتیش سی سی ڈی چوہگ کے حوالے کر دی گئی

رائے ونڈ (این ایم آئی) رائیونڈ میں 2 بھائیوں کو تشدد کر کے جان سے مارنے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق بھائیوں کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم اویس کو گرفتار کر لیا گیا، ملزم اویس کی نوجوان کو بلا مارنے کی ذمہ داری لی تھی۔ واقعہ میں ملوث اب تک 2 ملزمان اویس اور تیمور گرفتار کیے جا چکے، 4 ملزموں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ قتل کی تفتیش سی سی ڈی چوہگ کے حوالے کر دی گئی۔

لاہور: چیئرمین ٹاسک فورس رانا مشہاں خان اور سیکرٹری داخلہ جناب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کوٹ کھچ جیل میں ملاقات کے لئے آئی ایک قیدی کی والدہ سے گفتگو کر رہے ہیں

چناب راوی ستلج میں اونچے درجے کے سیلاب کا خدشہ، ڈیڑھ لاکھ افراد منتقل

بھارت کی جانب سے 3 لاکھ کیوسک کے سیلابی ریلے کی آمد کا خدشہ، نقل مکانی کیلئے مساجد میں اعلانات جاری

ڈیرہ غازی خان کی رودکوہیوں میں بھی فلیش فلڈنگ کا خدشہ ہے، نالہ ایک، ڈیک اور سمتر میں نچلے درجے کی سیلابی انخلاء کے لیے ریسکیو، فوج اور پولیس کو مدد حاصل کر لی گئی، بہاولپور، بہاولنگر کے مقام پر پانی کی سطح میں اضافہ سے مزید کئی دیہات زیر آب

مکانات اور ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی کو شدید نقصان پہنچی جانور والی، بستی بھٹیاں اور چاولیا میں بند ٹوٹنے سے پانی فصلوں میں داخل ہو گیا

سیلاب کے باعث درجنوں دیہات کا زمینی رابطہ منقطع، بورے والا میں ساہوکا اور ملحقہ تاہدیاں زیر آب آ گئیں، فلڈ ریلیف کیمپ قائم

ملک کے مختلف حصوں میں 30 اگست تک شدید بارشوں، پہاڑی تودے گرنے سیلاب نشیبی علاقوں کے زیر آب آنے کا الرٹ جاری

لاہور اٹھمور لہراہلٹر اطلان لاڑیہ غازی آکھ 48 گھنٹوں میں اونچے سے انتہائی اونچے درجے کے سیلاب کا خدشہ ظاہر کر دیا، خان انجن آباد (این ایم آئی) سیشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے دریائے چناب، راوی اور ستلج میں شہری سیلاب کا امکان ہے جبکہ دریائی علاقوں میں ڈیڑھ لاکھ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ این ڈی ایم اے کے مطابق بہاولنگر سے 89 ہزار 868 افراد جبکہ صور سے 14 ہزار 140 افراد کو (بقیہ نمبر 5 2)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035

لاہور: سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ سینئر سٹیشن کمانڈنٹ آفیسر چیتی تحصیل جنرل سٹوڈنٹ کے جناب حکومت کی تاریخی عمارتوں کی بحالی کیلئے اقدامات کے بارے میں برفنگ دے رہے ہیں

تاریخی عمارتوں کی بحالی قابل ستائش اقدام ہے، چینی وفد

سٹوڈنٹ کمانڈنٹ آفیسر سٹوڈنٹ نے جنرل کے سیکرٹری کا دورہ

لاہور (این ایم آئی) جناب حکومت کی جانب سے تاریخی عمارتوں کی بحالی کیلئے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چینی قونصل جنرل کے سیکرٹری ان کمانڈنٹ آفیسر سٹوڈنٹ نے اپنے خاندان کے ہمراہ پوچھ ہاؤس اور بگھٹ سنگھ کی گیلری کا دورہ کیا۔ دورہ کے موقع پر کیا۔ وفد نے شادی لال عمارت اور دو گیلریوں پر مشاہدہ کیا اور غازی علم دین شہید (بقیہ نمبر 4 0)

شاہ کوٹ، تیز رفتار موٹر سائیکل اور کوسٹر میں تصادم

حادثہ میں خاتون جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے

نکانہ صاحب (این ایم آئی) شاہ کوٹ سانگلہ مل روڈ نزد بابا چک تیز رفتار موٹر سائیکل اور کوسٹر میں تصادم ہوا، اطلاع پا کر ریسکیو 1122 کا عملہ وہاں پہنچا، حادثہ میں خاتون جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوئے، ریسکیو عملہ نے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تحصیل ہسپتال منتقل کر دیا، حادثہ میں جاں بحق خاتون کی شناخت 60 سالہ نجمہ کے نام سے ہوئی، زخمیوں میں 20 سالہ افضل اور 28 سالہ سیماب فاطمہ شامل ہیں۔

کراچی: ایم کیو ایم رہنما امین الحق کی کاوشوں سے اورنگی ٹاؤن میں جدید آئی لیب کے افتتاح کے بعد طالبات کیمپ کوورسری تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔

محکمہ اوقاف نے وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائز کر لیا

کرایہ داری بوٹس کے رینٹ کی ادائیگی "آٹو جنریٹڈ رینٹ وچرز" کے ذریعہ ہوگی

لاہور (این ایم آئی) سیکرٹری چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں وقف اراضیات کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اوقاف نے صوبہ بھر کی وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائز کر لیا 14 ہزار پراپرٹی کی آٹومیشن کر لی گئی ۔ اوقاف کے کرایہ داری بوٹس کے رینٹ کی ادائیگی "آٹو جنریٹڈ رینٹ وچرز" کے ذریعہ ہوگی۔ عدالتی کیسز کی بروقت پیروی کے لیے موبائل ایپ بھی متعارف کروادی گئی ہے۔ 360 ویلیوز کے وقف املاک کی جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے ذریعے نگرانی ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بھر کی وقف پراپرٹیز کے آئین لائن ٹیکسز جاری کر کے، ان پر آویزاں کر دیے گئے ہیں۔ جاری شدہ ٹیکسز سے وقف زمین کا مکمل ریکارڈ چیک کیا جا سکے گا۔ سی ڈی اے اور دی آئی ایس کی مدد سے وقف زمینوں کی مکمل مانیٹرنگ ہوگی۔ جیو میپنگ ٹیکنالوجی سے اراضی ریکارڈ محفوظ اور مستند بنایا جا رہا ہے۔ سیکرٹری اوقاف (بقیہ نمبر 4 1)

خواجہ عمران نذیر کی سرگودھا آمد، ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

عوام کو معیاری اور بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

سرگودھا (این ایم آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے سرگودھا آمد پر ٹی ایچ کیو ہسپتال کا چیک کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور ضروری اقدامات کرنے کا حکم دیا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے سرگودھا آمد پر ٹی ایچ کیو ہسپتال پہنچ کر چیک کرنے کے بعد ہسپتال میں صحت حاصل کرنے کا جائزہ لیا اور مریضوں سے ملاقات کر کے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات بارے (بقیہ نمبر 4 2)

لاہور: ڈیزیز سرجن جناب رفیق یونین کونسل گلوا ڈی سری کے ہسپتال میں ڈینگی وارڈ میں داخل مریض کی عیادت کر رہے ہیں

رحیم یار خان، افسوسناک حادثہ دو سالہ بچی جاں بحق

متاثرہ بچی کے والد کا انکوائری کمیٹی کے سامنے قانونی کارروائی سے انکار

رحیم یار خان (این ایم آئی) اسلام ماڈل ٹاؤن میں افسوسناک حادثہ کے باعث دو سالہ بچی کے جاں بحق ہو جانے کا معاملہ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر تشکیل دی گئی کمیٹی نے رپورٹ جمع کروادی ۔ صحتی محکمہ کی ترجمان کے مطابق چار رکنی کمیٹی نے ڈپٹی ڈائریکٹر اسسٹنٹ ڈائریکٹر (واسا)، چیف سینٹری انسپکٹر، سینٹری انسپکٹر، سینٹری سپروائزر، (بقیہ نمبر 4 3)

سوسائٹی فار انٹیگریٹڈ ایجوکیشن کے تحت انگلش ایکس پریو گرام کے طلبہ ساحل سمندر سے بھرا سمیٹ رہے ہیں

مری روڈ پر رات کے اوقات میں اضافی ایلکا تعینات کرنے کی ہدایت جاری

راولپنڈی (این ایم آئی) مری روڈ پر رات کے وقت ون ویلنگ کے واقعے پر چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) راولپنڈی فرحان اعظم نے سخت نوٹس لیتے ہوئے فوری اقدامات کا حکم دے دیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق مری روڈ پر رات 11 بجے کے بعد ون ویلنگ کی شکایت موصول ہوئی، واقعات کے 11 بجے کے بعد پیش آنا جبکہ معمول کے مطابق مری روڈ پر ٹریفک ڈیوٹی صرف رات 11 بجے تک جاری رہتی ہے۔ سی ٹی او فرحان اعظم نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے مری روڈ پر رات کے اوقات میں اضافی ایلکا تعینات کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 4 4)

بالاج ٹیفو قتل کیس میں اہم پیشرفت، مفرور کوکی بٹ شامل تفتیش

فائلیں کی جانب سے جان سے مارنے کے خطرہ کی وجوہات پر مفرور رہا، کوکی بٹ

لاہور (این ایم آئی) بالاج ٹیفو قتل کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، خوفیہ قتل ہو گیا۔ بالاج ٹیفو قتل کیس کے حوالے سے پولیس نے جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم تشکیل دے دی ہے، مقدمہ میں کوکی بٹ مفرور ہونے کی وجہ سے اشتہاری قرار دیا گیا تھا، کوکی بٹ نے کیم جسٹریٹ عدالت سے حفاظت کے لیے درخواست دی ہے جس کے بعد کوکی بٹ سی سی پی او آفس میں پیش ہو کر شامل تفتیش ہو گیا۔ کوکی بٹ کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 4 5)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم
پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔ 0309-7900035

لاہور اسلام آباد موٹروے کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان

کلاس ون کی ٹرانسپورٹ سے 1330، کلاس 6 کی ٹرانسپورٹ سے 7460 روپے وصول کیے جائینگے

اضافے کا فوری اطلاق کر دیا گیا جو 25 اگست 2026 تک نافذ العمل رہیں گے، گڈز ٹرانسپورٹرز نے اضافہ مسترد کر دیا

لاہور (این ایم آئی) نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے لاہور اسلام آباد موٹروے (ایم ون) کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان کر دیا، اضافے کا فوری اطلاق کر دیا گیا جو 25 اگست 2026 تک نافذ العمل رہیں گے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق یہ اضافہ ہر سال ہونے والے 10 فیصد اضافے کا حصہ ہے جو 23 اپریل 2014 کو فریٹجر ورکس آرگنائزیشن کی ڈیٹی کمیٹی کی سفارشات پر مبنی ہے۔ اعلامیے کے مطابق پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ طے پانے والے لائسنس ایگریمنٹ کے تحت کیا جاتا ہے، یہ معاہدہ پی او ٹی بنیاد پر (بقیہ نمبر 3 8)

سپریم کورٹ نے ایوب میڈیکل کالج پر 5 لاکھ جرمانہ ختم کر دیا

اسلام آباد (این ایم آئی) سپریم کورٹ نے ایوب میڈیکل کالج پر 5 لاکھ روپے جرمانہ ختم کر دیا۔ جسٹس کے پریم کورٹ کے جسٹس حسن اکبر رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے ایوب میڈیکل کالج سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ سپریم کورٹ نے جرمانہ دیا کہ ڈیزین کی تقرری کے بعد قانون کے مطابق دیگر آسامیوں پر بھرتیاں کی جائیں۔ عدالت نے ایوب میڈیکل کالج کو قانون کے مطابق ڈیزین کی تقرری کا عمل جاری رکھنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 3 9)